صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 2 مارچ 2009 بمطابق 4 ربیع الاول 1430 ہجری صبح گیارہ بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِن يَمۡسَسۡكُمۡ قَرۡحٌ فَقَدۡ مَسَّ ٱلۡقَوۡمَ قَرۡحٌ مِّثۡلُهُۥ ۚ وَتِلۡكَ ٱلۡأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيۡنَ ٱلنَّاسِ وَلِيَعۡلَمَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمۡ شُهَدَآءَ ۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلظَّـٰلِمِينَO وَلِيُمَحِّصَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَمۡحَقَ ٱلۡكَـٰفِرِينَ۔

(ترجمہ): اگر تمہیں زخم (شکست) لگا ہے تو ان لوگوں کو بھی ایسا زخم لگ چکا ہے اور یہ دن ہیں کہ ہم ان کو لوگوں میں بدلتے رہتے ہیں اور اس سے یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں کو متمیز کر دے اور تم میں سے گواہ بنائے اور خدا بے انصافوں کو پسند نہیں کرتا۔ اور یہ بھی مقصود تھا کہ خدا ایمان والوں کو خالص (مومن) بنادے اور کافروں کو نابود کر دے۔

حلف وفاداری/رکنیت

جناب سپیکر: میں امتیاز خان شاہ گئی، منتخب ممبر صاحب کو پورے ایوان کی طرف سے خوش آمدید کہتا ہوں اوران سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ اپنی سیٹ کے سامنے کھڑے ہو کر حلف اٹھائیں۔

(اس مرحلہ پر منتخب رکن صوبائی اسمبلی نے حلف لیااور رجسٹر میں اپنے دستخط ثبت کئے)

(تالیاں)

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: یو منٹ جی۔

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: جناب سپیکر صاحب!-----

جناب سپیکر: چه دا ' پراسس' مکمل شی نو بیا------

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: مبارک ہو جی۔ مبارک شئ جی، ډیر ډیر مبارک شئ۔

(تالیاں)

دعائے مغفرت

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): جناب سپیکر، د ټولو نه اول خو عالمزیب خان شهید شوے دے، د هغه په حق کښے دعا اوکړئ نو بیا نوره کارروائی کوئ۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر، زمونږه یو صحافی شهید شوے دے۔

جناب سپیکر: او جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب! آپ دعا فرمائیں، جتنے بھی ہمارے شہید بھائی ہیں، ان سب کیلئے جو نام پکارے گئے ہیں، آپ دعا فرمائیں۔

(اس مرحلہ پر سب شہدا کیلئے دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: ثاقب اللہ خان چمکنی کو ذرا موقع دے دیں، وہ بھی کھڑے ہیں۔ جی، ثاقب اللہ خان چمکنی صاحب۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> ډیره مهربانی، سر۔ زۀ ریکویسټ کوم چه رول 124، سب رول (2) د Suspend شی چه زۀ دا ریزولیوشن پیش کړم۔ دا یو متفقه ریزولیوشن دے جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> دا ریزولیوشن تاسو۔۔۔۔۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی:</u> دا قرارداد دے جی مشترکه، عالمزیب حاجی صاحب ته خراج تحسین پیش کوم جی۔ تاسو له دا درکومه جی۔

<u>جناب سپیکر:</u> ثاقب اللّٰه خان! تاسو یو منټ ما له راکړئ جی چه دا هاؤس Complete کړو، دا 'پینل آف چیئرمین' چه 'اناؤنس' کړو نو دے پسے دا تاسو راکړئ او دا کاپی هم ما ته راکړئ۔

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

<u>Mr. Speaker:</u> Item No. 4, 'Panel of Chairmen'. In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of North-West Frontier Province Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a 'Panel of Chairmen' for the current session:-

(1) Dr. Zakirullah Khan;
(2) Mr. Saqibullah Khan Chamkani;
(3) Haji Qalandar Khan Lodhi; and
(4) Mr. Gulistan Khan.

عرضداشتوں کے بارے میں مجلس کی تشکیل

<u>Mr. Speaker:</u> Item No. 5, 'Committee on Petitions'. In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of the North-West Frontier Province Procedure and Conduct of Business Rules 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising the following Members under the chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, honourable Deputy Speaker:-

1 Mr. Abdul Akbar Khan;
2 Sardar Aurangzeb Khan Nalotha;
3 Mr. Gulistan Khan;
4 Ms:Yasmeen Zia;
5 Mr. Sikandar Hayat Khan Sherpao; and
6 Mr. Inayatulah Khan Jadoon;

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، ثاقب اللہ خان چمکنی۔

قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: زۂ ریکویسٹ کومہ جی تاسو تہ چہ رول 124، سب رول (2) ریلیکس کړئ چہ زۂ دا قرارداد Move کړمہ جی پہ اسمبلی کښے۔

جناب سپیکر: معزز ممبر صاحب نے رول 124 کو رول 240 کے تحت Suspend کرنے کی التجاء کی ہے تاکہ ان کو قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے، آیا معزز ایوان اس کی اجازت دیتا ہے؟ جو اس کے حق میں ہیں، وہ 'ہاں' میں جواب دیں اور جو اس کی مخالفت میں ہیں، وہ 'ناں' میں جواب دیں۔

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سپیکر: جی ہاں، قرارداد پیش کرنے کی اجازت دی جاتی ہے۔

قرارداد

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیرہ مہربانی، جناب سپیکر صاحب۔ دا قرارداد زمونږہ پینځویشت ممبرانو ' سائن' کړے دے خو زۂ بہ ریکویسټ کومہ ټولو تہ ځکہ چہ زۂ ټولو تہ او نہ رسیدم کہ دا ټول یوځائے یو Joint unanimous resolution راوړی نو ډیرہ مہربانی بہ وی۔ زمونږہ مرحوم شہید عالمزیب حاجی صاحب بہتر سړے وو، بہتر انسان وو، خدائے ورلہ بہتر مرگ ہم ورکړو او خدائے د د ھغہ قربانی مونږہ ټولو تہ، زمونږہ دے زمکے تہ د ھغے جزا ورکړی۔ سر، زۂ قرارداد تاسو تہ وایمہ۔

"یہ اسمبلی مرحوم عالمزیب خان، سابقہ ممبر صوبائی اسمبلی کو ان کی اصول پسندی، عدم تشدد اور پختون قوم کی بقاء کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے ان کی مغفرت کیلئے دعا گو ہے کہ اللہ تعالی ان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور ان کی شہادت میں ملوث شرپسند عناصر کے مکروہ اور بزدلانہ فعل کی شدید مذمت کرتی ہے، نیز یہ اسمبلی ان تمام مرحومین جنہوں نے امن کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کئے، کی بھی ستائش کرتی ہے اور دعا کرتی ہے کہ اللہ

بزرگ و برتر تمام ملک میں عموماً اور ہمارے صوبے پختونخوا/ صوبہ سرحد میں خصوصاً امن قائم کرے۔"
آمین۔ ډیره مهربانی جی۔

Mr. Speaker: The motion before the house is that the resolution moved by the honorable Member may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr Speaker: The 'Ayes' have it. The resolution is adopted unanimously.

انجینئر جاوید اقبال ترکئ: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ہاں جی۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: یو منټ۔ جاوید صاحب! تاسو څه وئیل، تاسو د رے ځله پاڅیدئ؟

انجینئر جاوید اقبال ترکئ: ستاسو آرډر دے۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

انجینئر جاوید اقبال ترکئ: زما سره جی ډیر زیاتے ظلم زیاتے کیږی۔ زما په حلقه کښے چه کوم غریب زما 'سپورټرز' دی، هغوی Victimize کیږی، Political victimization شروع دے۔ ما مخکښے هم د دے Complaint کړے وو د هاؤس په فلور باندے۔ اوس هم زهٔ څکه لیټ راغلم چه زما په حجره کښے ډیر خلق راغونډ شوی وو، زمونږ د کالو خان، چه کوم زما د Constituency هیډکوارټر دے او هلته پولیس سټیشن دے، هلته پولیس والا غنډه ګان شوی دی، زما چه څومره 'سپورټرز' دی، مخکښے به ئے ایف آئی آر کټ کولو، اوس ئے وهی ټکوی ئے او الټا ئے زوړندوی۔ دا څنګه جمهوریت دے، ما څه چل کړے دے؟ ما الیکشن ګټلے دے او الیکشن مے کړے دے۔ زهٔ به بیا هم الیکشن کومه انشاء الله او بیا به ئے هم ګټمه۔ (تالیاں) دا مخکښے هم ما په فلور باندے راوستے وه اود دے د انکوائری اوشی۔ زهٔ میډیا ته هم ریکویسټ کومه چه راشی او هلته د سروے اوکړی۔ 'هیومن رائټس' ته هم وایمه چه هغوی راشی او هغوی د هلته سروے اوکړی چه دا زهٔ صحیح وایمه او که غلط وایمه؟ د پولیس نه

غنډه ګان جوړ شوی دی، هلته یو ایس ایچ او دے، ډپټی ایس ایچ او، like the second one، هغه د ځان نه غنډه جوړ کړے دے خو زهٔ دا 'وارننګ' ورکوم ګورنمنټ له که زهٔ په جلسه جلوسونو باندے راا او وتم نو واللہ که بیا ما څوک هم کنټرول کړی۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی بشیر احمد بلور صاحب۔

<u>انجینئر جاوید اقبال ترکئ:</u> تاسو پرے ځان غلے کړے دے۔ ما مخکښے هم په دے فلور باندے وئیلی وو او اوس ئے هم وایمه، سی ایم ما ته وئیل چه زهٔ د 'پراونس' سی۔ایم یمه، "You are the C.M of your constituency" and he should honour his words, so what is happing? واک آؤټ کوم په دے دروازه باندے شاته زهٔ۔ والله چه دا خو This is so bad with me، تاسو د انصاف په کرسئ باندے ناست یئ، د دے انکوائری اوکړئ چه زما سره دا سے ولے کیږی؟

<u>جناب سپیکر:</u> لږ صبر اوکړه چه د ټریژری بنچز نه واورو نو بیا خیر دے که ستا تسلی او نه شی، جاوید صاحب، که ستاسو تسلی او نه شی نو بیا خیر دے واک آؤټ اوکړه۔ اول جواب واوره کنه، اول جواب واوره۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر معزز رکن نے واک آوٹ کیا)

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی پیر صابر شاہ صاحب۔ پیر صابر شاہ صاحب۔

صوبہ پنجاب میں گورنر راج کا نفاذ

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> جناب سپیکر، میں آپکا مشکور ہوں، آپ نے مجھے فلور دے دیا جی۔ جناب سپیکر، میں آج اللہ کے فضل سے، یہ معزز ایوان آج سے دو سال پہلے، جو اٹھارہ فروری کو الیکشن ہوئے۔۔۔۔

<u>ایک آواز:</u> ایک سال پہلے۔

سید محمد صابر شاہ: جی ایک سال، ایک سال پہلے جو الیکشن ہوئے اور اس الیکشن کے نتیجے میں اس ملک کے اندر جمہوریت، جو آٹھ سال کی آمریت کے بعد مرکز میں اور چاروں صوبوں میں سیاسی حکومتیں جو ہیں، وہ وجود میں آئیں۔ جناب سپیکر، اگر پاکستان کی تاریخ پہ نظر دوڑائی جائے تو ہماری جو ساٹھ سالہ تاریخ ہے، اس تاریخ کے اندر جہاں ایک طرف بار بار کے مارشل لاؤں نے، آمریت نے اس ملک کو بالکل کھوکھلا کر کے رکھ دیا، وہاں دوسری طرف میں سمجھتا ہوں کہ ہماری سیاسی جماعتوں کے اور سیاسی قیادتوں کے جو رویے تھے، وہ غیر جمہوری تھے۔ ان کے جو ایک دوسرے کو برداشت نہ کرنے کے رویے تھے اور اقتدار تک پہنچنے کیلئے ہر جائز و ناجائز راستہ اختیار کرنے کے جو رویے تھے، ان رویوں نے ہمیشہ آمریت کیلئے راستہ ہموار کیا اور اس ملک میں اس کی تاریخ ہے کہ پانچ سال ذوالفقار علی بھٹو صاحب نے بھی حکومت مکمل نہیں کی اگرچہ ان کی مرضی پر اسمبلیاں Dissolve ہوئیں، الیکشن ہوئے لیکن وہ بھی ان حالات کے اندر ہوئے کہ جب آمریت شکست کھا چکی تھی، 'مشرقی پاکستان' بنگلہ دیش میں تبدیل ہو چکا تھا اور آمریت اتنی طاقت نہیں رکھتی تھی کہ وہ ایک جمہوری حکومت کو Destabilize کرے اور اس وقت، میں یہ بھی کہوں گا کہ ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت بھی پاکستان کی ایک تاریخی قیادت تھی، جو اس وقت موجود تھی لیکن جناب سپیکر، اس کے بعد آپ دیکھیں کہ ملک توڑنے کے باوجود جب پاکستان کے اندر سیاسی ادارہ استحکام پر آیا تھا، اس وقت بھی ایک عوامی Agitation تھی، میں اس میں بھی کہوں گا کہ اس Agitation سے بھی آمریت نے فائدہ اٹھایا اور ترانوے ہزار فوجیوں کی جو شکست تھی، جس سے ہماری بدنامی ہوئی تھی، اس کی بھی پرواہ نہیں کی اور اس ملک کے اوپر مارشل لاء آیا اور اس کے بعد آپ دیکھیں کہ چاہے وہ بے نظیر بھٹو شہید کی حکومت ہو، چاہے نواز شریف صاحب کی حکومت ہو، ہر دور کے اندر ہم نے دیکھا کہ سیاسی جماعتوں نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا، حالات سے سبق نہیں سیکھا اور ایک دوسرے کی ٹانگیں کھینچ کر اقتدار سے ہٹانے کی ہمیشہ کوشش ہوتی رہی اور اقتدار تک پہنچنے کی بجائے، وہ خود تو نہیں پہنچے لیکن آمریت نے اٹھ کر اقتدار پر قبضہ کیا اور آج پے در پے آمریت کے حملوں نے جناب سپیکر، پاکستان کو اس مقام پر کھڑا کیا ہے کہ آج عملاً داخلی اور خارجی سطح پہ ہم تباہی کے کنارے پر کھڑے ہیں۔ آج حالات ہمارے قابو سے باہر ہیں، آج ملک بے شمار مسائل میں گھر چکا ہے اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ سیاست دانوں نے سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا اور آمریت نے ہمیشہ اپنے دانت تیز رکھے اور جب بھی اسے موقع ملا، اس نے جمہوریت پر حملہ کیا لیکن جناب سپیکر، میں خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ اس ملک کی جو دو بڑی جماعتیں

تھیں، پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن)،یہی وہ جماعتیں تھیں جنکی دو دفعہ بے نظیر صاحبہ پرائم منسٹر بنیں، دو دفعہ نواز شریف صاحب پرائم منسٹر بنے لیکن ان دونوں ادوار میں ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ پیپلز پارٹی نے بھی ہماری حکومت کو گرانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی اور ہم نے بھی پیپلز پارٹی کی حکومت کو گرانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ میں شہید بے نظیر بھٹو کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، میں نواز شریف صاحب کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے Realize کیا، انہوں نے حالات کو سمجھا،اس کے باوجود کہ دونوں رہنما اس ملک سے باہر تھے لیکن ان کے دل اس ملک کیلئے دھڑک رہے تھے، دونوں آمریت کے نشانے پہ تھے لیکن ان دونوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ ہم سے غلطیاں ہوئی ہیں، ہمارے رویے ٹھیک نہیں تھے، آئیں بیٹھیں اور اپنے رویوں کو سامنے رکھ کر، کہ وہ کیا کیا غلطیاں تھیں جن کی وجہ سے آمریت جو ہے، وہ ہمیشہ آکر ہم پہ، اس ملک پہ قبضہ کرتی رہی اور اس کے نتیجے میں جناب سپیکر، اس ملک کی تاریخ میں میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کو آئین ملا، جو بہت بڑی بات ہے لیکن آئین سے بھی زیادہ میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کو جو سب سے بڑا تحفہ بے نظیر بھٹو اور نواز شریف نے دیا، وہ 'چارٹر آف ڈیموکریسی' ہے۔ وہ تحفہ 'چارٹر آف ڈیموکریسی' تھا جس نے ایک ایسی بنیاد فراہم کی جو آمریت کا بھی راستہ روکتی تھی جو 'کوڈ آف کنڈکٹ' ایک سیاسی طرز عمل کی بھی ہمیں بنیاد فراہم کر رہی تھی، جو اس ملک کے نظام کو چلانے کی بھی بنیاد تھی اور وہ ایک ایسا معاہدہ تھا، ایک ایسا 'چارٹر' تھا جس کو میں سمجھتا ہوں اس ایوان کے اندر بھی جو سیاسی جماعتیں، جمعیت علماء اسلام، پیپلز پارٹی شرپاؤ، مسلم لیگ (ق) ہو، عوامی نیشنل پارٹی ہو، پیپلز پارٹی ہو، تمام جماعتوں نے، اس 'چارٹر آف ڈیموکریسی' پر آج تک کوئی انگلی نہیں اٹھائی کیونکہ وہ ایک ایسی بنیاد تھی جس میں ہمارے جمہوری پاکستان کی ایک ایسی روشنی تھی جس میں ہمارا مستقبل بڑا صاف اور شفاف نظر آرہا تھا۔ جناب سپیکر، الیکشن ہوئے اور الیکشن کے بعد اس ملک کے اندر جمہوری نظام نے چلنا شروع کیا اور بڑے خوبصورت انداز سے پنجاب میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی، 'میجارٹی' تھی وہاں مسلم لیگ (ن) کو حکومت بنانے کیلئے، مرکز کے اندر پیپلز پارٹی کی حکومت تھی، وہاں 'میجارٹی' کو یہ 'فری ہینڈ' دیا گیا کہ آپ حکومت بنائیں، پنجاب میں ہمیں 'فری ہینڈ' ملا اور اس سے اس ملک کے عوام کی موجودہ انتخابات سے جو توقعات تھیں کہ یہ انتخابات ہمیں جمہوریت دیں گے، ہمیں ایک روشن مستقبل فراہم کریں گے، یہ انتخابات اس ملک کے اندر ایک یکجہتی کی بنیاد ہوں گے، رواداری کا ایک نیا دور شروع ہوگا، ہمارے بچوں کا مستقبل اس ایوان سے، ان انتخابات سے لوگوں

نے اپنے مستقبل کو وابستہ کر دیا۔ لوگوں نے اپنے حسین خوابوں کے جو تاج محل تعمیر کیے، ان تاج محلوں کو تعمیر ہوتے ہوئے، لوگوں نے ان تاج محلوں کو آباد ہوتے ہوئے ایک تصوری خیالات کے اندر ان کو آباد کیا اور یہاں پہ حکومتیں شروع ہوئیں لیکن جناب سپیکر، ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہاں ملک کے اندر ایک عدلیہ کی تحریک تھی، وہ تحریک جو پیپلز پارٹی، مسلم لیگ اور دیگر تمام سیاسی جماعتوں نے مل کر شروع کی تھی کہ ایک آمر نے، ایک جمہوریت کے قاتل نے پی سی او لگا کر، ایمرجنسی لگا کر، مارشل لاء لگا کر، یہاں پر انہوں پی سی او کے تحت ماورائے آئین ججز کو 'اپوائنٹ' کیا تو جناب سپیکر، اس پہ تمام سیاسی جماعتوں نے آواز اٹھائی۔ آج مجھے اس بات پہ خوشی ہے کہ پی سی او ججز کی اس بات پہ مسلم لیگ (ق) بھی اس سچائی کے راستے پر کھڑی ہے، میں ان کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ آج وہ بھی اس سچائی کے راستے پہ ہمارے ساتھ سفر کر رہی ہے اور میں سلام پیش کرتا ہوں بے نظیر بھٹو صاحبہ کو، بے نظیر صاحبہ نے آمریت کے خلاف جدوجہد میں اپنی جان کی قربانی دے دی لیکن آمریت کے سامنے وہ سر نگوں نہیں ہوئیں اور جس نے کہہ دیا کہ ہم نے اس عدلیہ کو، یہ جو غیر آئینی عدلیہ ہے اور جناب سپیکر، جب ہم کہتے ہیں کہ غیر آئینی پی سی او کے تحت حلف لینے کے بعد ان کو اسمبلی سے سند جواز ملنا چاہیئے تھا، Indemnity ملنی چاہیئے تھی، انہیں نہیں ملی۔ آج وہی ججز جو ہیں، اس عدلیہ کی تحریک جس میں بے نظیر بھٹو صاحبہ نے کہا تھا کہ افتخار چوہدری جو ہے، وہ میرا چیف جسٹس ہے اور میں اس کے گھر پہ جھنڈا لہراؤنگی، جناب سپیکر، آج پوری قوم میں سمجھتا ہوں کہ بے نظیر بھٹو کے 'مشن' کو لیکر آگے جا رہی ہے، نواز شریف کے 'مشن' کو لیکر آگے جا رہی ہے اور آج اس ایوان کے اندر جہاں پیپلز پارٹی بھی بیٹھی ہے، جہاں مسلم لیگ بھی بیٹھی ہے، آج میں اپنا مقدمہ اس ایوان میں لایا ہوں کہ ہم نے بے نظیر کے اس 'مشن' کو، جو 'چارٹر آف ڈیموکریسی' کے تحت انہوں ایک راستہ دیا تھا، ایک پروگرام دیا تھا، کیا ہم اس پروگرام سے روگردانی کر دیں؟ میں سمجھتا ہوں جناب سپیکر، کہ شہید جو ہے، وہ زندہ رہتا ہے، و لا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات بل احیاء و لکن لا تشعرون، اگر کوئی یہ سمجھے کہ شہید مر گئے ہیں، ان کو شعور نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ آج بینظیر کی روح بھی، میں سمجھتا ہوں کہ بینظیر زندہ ہے اور آج جب وہ یہ دیکھتی ہیں کہ ذوالفقار علی بھٹو کے پیروکار، بینظیر کے پیروکار آمریت کے جھنڈے تلے، جب آمریت کے ایجنڈے کو آگے لے کر چلیں گے تو کیا بینظیر کی روح کو تکلیف نہیں ہو گی؟ (تالیاں) جناب سپیکر، میں جو بات کہنا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ہمارے پروگرام میں ایسی

کوئی بات نہیں جو نواز شریف اور بینظیر کے درمیان ہونے والے معاہدے سے متصادم ہو۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس ملک کے اندر جو آئینی عدلیہ ہے، اس کو بحال کیا جائے اور ہم کیوں چاہتے ہیں؟ جناب سپیکر، اس ملک کے اندر اگر عدلیہ نہیں ہو گی، اگر لوگوں کو انصاف نہیں ملے گا اور انصاف نہ ملنے کے نتائج کا صوبہ سرحد کے عوام کو اگر علم نہ ہو کہ عدلیہ سے انصاف نہ ملنے کے کیا نتائج ہوتے ہیں، اگر موجودہ حکومت کو اس کا علم نہ ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر تو جناب، کسی کو بھی علم نہیں ہو گا۔ آج آپ دیکھیں کہ انصاف نہ ملنے کی وجہ سے، سوات کے اندر لوگوں کو انصاف نہیں مل رہا تھا، آپ نے لوگوں کو انصاف نہیں دیا، آپ نے عدلیہ کو اپنی جیب کا رومال بنا دیا اور نتیجہ یہ نکلا کہ آج آپ کو معاہدہ کرنا پڑا سوات کے اندر اور وہاں پہ لوگوں کو انصاف دینے کیلئے خصوصی قوانین بنانے پڑے۔ ہم اس کے خلاف نہیں، ہم آپ کو Appreciate کرتے ہیں، ہم وزیر اعلیٰ صاحب کو Appreciate کرتے ہیں، ہم پیپلز پارٹی کی قیادت کو Appreciate کرتے ہیں، ہم یہ جانتے ہیں کہ ان کی مشکلات بھی بہت ہیں۔

ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں

ابھی آپ نے یہ معاہدہ بھی کیا ہے اور زرداری صاحب نے اس پہ 'سائن' بھی کرنا ہے، ابھی چند لمحے باقی ہیں لیکن میں خلوص دل سے کہتا ہوں کہ یا اللہ، ان معاہدوں کو کامیاب فرما، یا اللہ، زرداری صاحب نے جو فیصلے یہاں کیے، ان کی جماعت نے کیے ہیں، ان کو بھی یہ حوصلہ دے کہ وہ اس پہ 'سائن' کریں لیکن جناب سپیکر، میں کہنا چاہتا ہوں کہ صوفی محمد صاحب نے 15 مارچ تک میرے خیال میں ڈیڈ لائن بھی دی ہے، ہماری دعا ہے، ہم آپ کے ساتھ ہیں، اللہ تعالیٰ اس معاہدے کو پایہ تکمیل تک پہنچائے لیکن جناب سپیکر، کیا ہر جگہ ہمیں سوات کی طرح معاہدے کرنے ہوں گے؟ کیا ان نمائندوں کی اور ان منتخب اداروں کی یہ ذمہ داری نہیں ہے کہ عدلیہ کے اندر جو گند ہے، اس کو اٹھا کر باہر پھینکا جائے؟ کیا ان منتخب اداروں پہ یہ ذمہ داری عائد نہیں ہوتی کہ سوات کے اندر جو کچھ ہوا، جتنی تباہی ہوئی انصاف نہ ملنے کی وجہ سے، کیا پاکستان کے ہر شہر، ہر محلے اور ہر جگہ صوبے کے اندر اسی طرح لوگ اٹھیں اور عدالتیں انصاف نہ دیں تو بندوق لے کر وہ اپنے لئے انصاف مانگیں؟ یہ بڑا سوال ہے۔ جناب سپیکر، یہ سوال آپ کی وساطت سے میں پورے ایوان سے کرتا ہوں کہ کیا ہمیں پورے پاکستان کے عوام کو انصاف دینے کیلئے بندوق اٹھانی پڑے گی اور اگر بندوق اٹھانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو بسم اللہ آئیے، ہم اس فیصلے میں بھی آپ کے ساتھ ہیں، اٹھالیجئے بندوق، بند کر دیجئے ان ایوانوں کو، تالے لگا دیں ان ایوانوں کو، بندوق اٹھا لیتے ہیں، وقت کی ضرورت ہے کہ آپ

کی قوم انصاف مانگ رہی ہے۔ اگر ایوان انصاف نہیں دیں گے تو پھر لوگ بندوق اٹھانے پر مجبور ہوں گے۔ خدا کیلئے آج ایک انصاف دینے کی بنیاد پہ جناب سپیکر، یہ جو ہم نے مطالبہ کیا، یہ جو 'لانگ مارچ' ہو رہے ہیں، پر امن ہو رہے ہیں اور میں تو سلام پیش کرتا ہوں نواز شریف کو، وہ کہتے ہیں کہ میں حکومت سے بھی نکلا، نہیں چاہیئے حکومت، میں آپ سے کچھ نہیں چاہتا، میں چاہتا ہوں کہ پانچ سال تک اس ملک کی اسمبلیاں جو ہیں، وہ اپنا کام کریں اور یہاں حکومتیں قائم ہوں لیکن جو میں چاہتا ہوں، وہ یہی ہے کہ اس ملک کو، اس قوم کو آپ انصاف دے دیں، اپنے عدالتی نظام کو ٹھیک کر دیں۔ جو 'نظریہ ضرورت' کے تحت ہر آمر کو عدلیہ 'سپورٹ' دیتی رہی، ہر آمر کے ہاتھ مضبوط کرتی رہی، خدا کیلئے اس روش کو ختم کر دیں اور 'چارٹر آف ڈیموکریسی' کے تحت آئیں اور جو بینظیر نے کہا چیف جسٹس کے گھر کے سامنے کہ یہ ہمارا چیف جسٹس ہے، میں یہ بھی بتاؤں کہ ہم افتخار چوہدری کی بات نہیں کرتے، ہم یہ بھی نہیں سمجھتے کہ افتخار چوہدری ایک ایسی شخصیت ہے کہ جس کے بغیر اس ملک میں انصاف نہیں آ سکتا، نہیں، نہیں، یہ بات نہیں ہے، افتخار چوہدری کی جگہ الف، ب، ج، د، کوئی بھی ہو، یہ ایک اصولی مؤقف ہے ہمارا کہ جو آئینی عدلیہ ہے، جس پہ وار کیا گیا ہے، اس کو بحال کیا جائے لیکن جناب سپیکر، بڑے دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایک ایسا پروگرام جس میں سوچ کی ہم آہنگی ہے، جس کے اندر ہماری قیادتوں کو متحد رکھنے کا فلسفہ موجود ہے، ان کی خواہشات اس کے اندر مضمر ہیں اور جو سولہ کروڑ عوام کو ریلیف دینے کا ایک ذریعہ ہے، آج اس راستے کو روکنے کیلئے، آج اس ملک میں جمہوریت کا راستہ چھوڑ کر ایک دفعہ پھر آمریت کے راستے پہ نکل پڑے ہیں۔ آج نواز شریف کو، شہباز شریف کو سیاسی منظر سے ہٹانے کیلئے، اس عدلیہ کے ذریعے سے، ان کے کندھوں پہ بندوق رکھ کر چلائی گئی کہ جس عدلیہ کے خلاف عدم اعتماد بینظیر بھٹو نے دیا، جس کے خلاف پوری قوم نے دیا اور وہ عدلیہ جس کے بارے میں نواز شریف کہتے ہیں کہ ہمیں اس پہ اعتماد نہیں، ہم اس کو تسلیم ہی نہیں کرتے، یہ غیر آئینی اور غیر قانونی ہے، اس کے ذریعے سے نواز شریف کو منظر سے ہٹایا جاتا ہے لیکن اگر ہم یہ بھی مان لیں کہ عدالتی فیصلے ہیں تو جناب سپیکر، یہ جو موجودہ عدلیہ ہے، جو ڈوگر ہے جس نے اپنی بیٹی کو پچیس نمبر دلانے کیلئے، آئین، اخلاق، قانون سب کا قتل کیا، ایسا شخص قاضی القضات کی اس بابرکت اور متبرک مسند پہ بیٹھ سکتا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ وہ آدمی اتنا کمزور ہے جس کی کوئی اخلاقی بنیاد نہیں، وہ سپریم کورٹ کا چیف جسٹس نہیں ہے، وہ صدر محترم، صدر ذی وقار جناب آصف علی زرداری کی جیب کا رومال ہے اور میں یہ بات کی لفاظی نہیں کر رہا جناب سپیکر، یہ ثابت ہے کہ سولہ کروڑ عوام میں

الیکشن کیلئے Eligibility جو تھی، اس کی بنیاد تھی کہ وہ گریجویٹ ہوں گے، یہی وہ آئے ہوئے کیسز ہیں جو عدالتوں میں ابھی تک پڑے ہوئے ہیں، کوئی الیکشن نہیں لڑ سکتا تھا لیکن جب آصف زرداری صاحب کی بات آئی تو پھر آصف زرداری صاحب نے جیب سے وہ رومال نکالا (تالیاں) اور جیسے صفائی کرنی چاہئے تھی، انہوں نے صفائی کر دی۔ وہ چیف جسٹس، آج اس میں یہ ہمت ہی نہیں ہے، جس کی قانونی اور اخلاقی بنیاد اتنی کمزور ہے کہ وہ اس پوزیشن میں نہیں ہے کہ وہ اٹھ کر نواز شریف کے خلاف فیصلہ دے کہ جب تک اسے قصر صدارت سے اشارہ نہ ملے اور جناب سپیکر، میں یہ بھی کہتا ہوں کہ اگر یہ فیصلہ آتا، پھر بھی ہم کہتے، ہم بد ظنی نہ کرتے، ہم پھر بھی کہتے کہ شاید اس میں آصف علی زرداری صاحب کی مشاورت شامل نہ ہو لیکن جناب سپیکر، جب آپ پنجاب کے چیف منسٹر شہباز شریف کو Disqualify کرتے ہیں تو پھر اسمبلی کا اجلاس بلاتے اور اسمبلی کے اندر جو بھی اکثریت سے کامیاب ہوتا، اس کو آپ وزیر اعلیٰ بناتے لیکن میں سمجھتا ہوں صدر ذی وقار نے، صدر محترم نے، اس ملک کی یکجہتی کے اس مرکز میں جس کے گرد پوری قوم کی یکجہتی کا پہیہ گھومتا ہے، جو ایک Symbol ہے اس ملک کو یکجہتی کے راستے پہ ڈالنے کا، اس صدر محترم نے ادھر ڈوگر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> یہ 'ٹائمنگ'۔۔۔۔۔

<u>سید محمد صابر شاہ:</u> کیا 'ٹائمنگ' ہے جناب سپیکر، کیا 'ٹائمنگ' ہے؟ ادھر ڈوگر فیصلہ دیتے ہیں، ادھر گورنر راج لگتا ہے، کیا یہ تاریخ کا ایک شرمناک باب نہیں ہے جو رقم ہو رہا ہے؟ اس 'چارٹر آف ڈیموکریسی' کی اتنی بڑی بنیاد جو آپ کی قیادت نے فراہم کی جناب سپیکر، اس قیادت کو آج بینظیر بھٹو، آج جو زرداری صاحب کے فیصلے ہیں، اس کا یقیناً ماتم کر رہی ہیں، ان کی روح تڑپ رہی ہے، خدا کیلئے ان کی روح کو اذیت نہ دیں، وہ پاکستان کی بہت بڑی لیڈر تھیں، بہت بڑی قیادت تھیں (تالیاں) ہم محترمہ کے 'کاز' کو آگے لے کے جارہے ہیں۔ افسوس ہوتا ہے کہ اس ملک کے اندر چھوٹے سے چھوٹا آدمی بھی مارا جاتا ہے، کم از کم ایف آئی آر ہو جاتی ہے، اگر اور کچھ نہیں تو 107 کی ضمانتیں ہو جاتی ہیں، ایک سال اور پندرہ دن ہو گئے ہیں، میرے خیال میں ایک سال پندرہ دن ہوئے، اس ملک کی مقبول قیادت، اس ملک کی ایک ایسی لیڈر جن کی قابلیت پہ پوری دنیا ان کی Commitment پہ اور جو 'چارٹر آف ڈیموکریسی' کا تحفہ انہوں نے دیا، ایک سال سے زیادہ عرصہ ہوا، وہ شہید ہوئی ہیں، آج زرداری صاحب کی حکومت ہے، آج زرداری صاحب اقتدار میں بیٹھے ہوئے ہیں، ابھی تک اس کے بارے میں ایک قدم بھی

نہیں اٹھایا گیا کہ اس کے حقائق کیا ہیں اور ان کو کیوں شہید کیا گیا؟ اس راہ محبت میں جناب سپیکر، اگر بینظیر بھٹو شہید ہوتی ہیں اور اس کی شہادت پہ اتنی بے بسی ہے، کل ہمارے بھائی شہید ہوئے عالمزیب خان، میرے اور بھی کتنے بھائی شہید ہوئے تو جناب سپیکر، اگر یہی بے حسی رہی تو ایک ایک کر کے لوگ مرتے رہیں گے، شہید ہوتے رہیں گے اور ہم فاتحہ پڑھتے رہیں گے۔ خدا کیلئے، خدا کیلئے اس ہاؤس کی وساطت سے آئیں کہ ہم سب مل کر اپنی مرکزی قیادتوں سے کہیں کہ خدا کیلئے یہ لڑنے کا وقت نہیں ہے، خدا کیلئے جو ہتھیار، جس کے ساتھ افواج بھی تھیں، ادارے بھی تھے، جس کے ساتھ ایجنسیاں بھی تھیں اور جس کی فرعونیت کا طوطی بھی آسمانوں پہ بول رہا تھا، کتنی بلندی پہ تھا، جو سینہ تان کے کہتا کہ میں بینظیر اور نواز شریف کو نہیں چھوڑوں گا، آٹھ سال تک وہ اسی کوشش میں رہا کہ وہ مسلم لیگ (نواز شریف) کو ختم کرے گا، وہ ختم نہیں کر سکا۔ میں زرداری صاحب سے بھی کہتا ہوں کہ خدا کیلئے چھوڑ دیں ان ہتھکنڈوں کو، اٹھاؤ وہ جو دستاویز ہے، 'چارٹر آف ڈیموکریسی' اور ایمانداری سے اس پہ چلو، تم نہ نواز شریف کو ہٹا سکتے ہو اور نہ پیپلز پارٹی کو راستے سے کوئی ہٹا سکتا ہے۔

<u>بیگم شازیہ اورنگزیب خان</u>: بی بی ہم شرمندہ ہیں، تیرے قاتل زندہ ہیں۔

<u>سید محمد صابر شاہ</u>: ٹھیک ہے، بالکل ہم شرمندہ ہیں لیکن میں کہتا ہوں کہ خدا کیلئے ہم کچھ بھی نہیں چاہتے، نواز شریف نے کوئی بات بھی نہیں کی، صرف دو چار باتیں ہیں کہ اس ملک کے اندر 17th amendment کا خاتمہ، کونسی جمہوری پارٹی ہے جو اس سے اختلاف کرے گی، کونسی سیاسی پارٹی، کیا پیپلز پارٹی اس سے اختلاف کرتی ہے؟ اٹھاون (ٹو بی) amendment 7th میں غالباً آئے گا، کون چاہتا ہے کہ ایک ایسی تلوار ہمارے سروں پہ ہو؟ عدلیہ کی بحالی اگر پیپلز پارٹی نہیں چاہتی تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بینظیر کے اس مؤقف سے ہٹ چکی ہے اور میں کہتا ہوں کہ وہی پارٹی کی حیات جو ہے، اس کی زندگی کی جو روح ہے، وہ یا ذوالفقار علی بھٹو ہے یا بینظیر بھٹو ہے۔ میں نہیں کہتا کہ زرداری صاحب نہیں ہے، یہ فیصلہ آپ لوگ کریں گے۔ فیصلہ آپ نے کرنا ہے، ذاتی معاملہ ہے آپ کا لیکن ہم یہ ضرور کہیں گے کہ ذوالفقار علی بھٹو اور بینظیر، وہی اس ملک کی، اس جماعت کی جو روح ہے، وہ یہی شخصیات ہیں۔ اگر وہ بھی چاہتے تھے اور اگر ہم بھی چاہتے ہیں، اگر اس ملک کے عوام بھی چاہتے ہیں اور میں کہتا ہوں کہ جس طرح نواز شریف کو اس غیر آئینی عدلیہ کے ذریعے سے سیاسی منظر سے ہٹانے کی کوشش کی، نہیں ہٹا سکا، آپ بھی نہیں ہٹا سکتے اور ایک ایسا کام جو لاحاصل ہے، اس میں اس قوم کو اس دلدل میں کیوں لے کر جا رہے

ہیں؟ مسائل ہیں جناب سپیکر، اندرونی طور پہ، بیرونی طور پہ، جہاں ڈرون حملے ہوتے ہوں، جہاں روزانہ آپ کی وزارت خارجہ مذمت کرتی ہو اور اب کے مار، اب کے مار، ایک تھپڑ لگتا ہے، کہتا ہے اب کے مار، یوں لگتا ہے کہتا ہے اب کے مار، یوں لگتا ہے تو کہتا ہے اب کے مار، اوئے کب کے مار، کب تک مار کھائیں گے کب تک ہم لوگ گھر کے سانپوں کا نوالہ بنتے رہیں گے جناب سپیکر؟ کہیں تو ہم نے (تالیاں) اختتام کرنا ہے، کہیں تو بس، Enough is enough تو ہمیں کہنا پڑے گا۔ آج ہم صرف ایک دفعہ پھر پنجاب کے اندر گورنر راج لگا کر، گورنر پنجاب جس زبان میں بات کر رہا ہے، وہ ایجنٹ ہے زرداری صاحب کا، وہ صدر کا ایجنٹ ہے، آئین کی میں بات کر رہا ہوں کہ گورنر ایجنٹ ہوتا ہے، آئینی طور پہ صدر کا، وہ کس زبان میں بات کر رہا ہے؟ وہ ایک گلی کوچے سے اٹھ کر ایک بندہ اس پارٹی کو آمریت کے راستے پہ ڈال رہا ہے جس کی چالیس سال کی جمہوریت کی ایک تاریخ ہے۔ کیا ذوالفقار علی بھٹو کی پارٹی اسلئے بنی تھی کہ ایک 'سلمان تاثیر' اٹھ کر اور پھر جس طرح وہ، اس کو کیا کہتے ہیں، پتلیوں کا کھیل جو ہوتا ہے، وہ سلمان تاثیر کے ہاتھ میں ہو گا اور ہم جناب اسی پہ اس کے ہاتھ کے اشاروں پہ ہم وہ کریں گے؟ نہیں جناب، نہیں، میں کہتا ہوں آئیں اور آ کر جمہوریت کے اس عمل کو آگے بڑھائیں۔ خدا کیلئے یہ جو دو تین باتیں ہیں، ان پہ بیٹھیں، amendment 17^{th} پہ بیٹھیں، اگر کوئی خطرہ اور خدشہ ہو، وہ خطرات و خدشات اگر آئینی چیف جسٹس سے ہوں تو آئیں amendment 18^{th} میں اس کا ازالہ کر دیں لیکن جمہوریت کا جنازہ ہم نہ نکالیں۔ میں مشکور ہوں جناب سپیکر، میں مشکور ہوں مولانا فضل الرحمن صاحب کا، میں (ق) لیگ کے بھائیوں کا مشکور ہوں، میں عوامی نیشنل پارٹی کا مشکور ہوں، میں وزیر اعظم کا مشکور ہوں، میں سکندر شیر پاؤ صاحب کا مشکور ہوں، ایوان کے اندر اور ایوان کے باہر جو جماعتیں ہیں، انہوں نے اس فیصلے کو، کسی نے تسلیم نہیں کیا، سب نے اس پہ احتجاج کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ متفقہ طور پہ آئیں، صوبہ سرحد سے ابتداء کریں یکجہتی کی، آپ Amendment لے آئیں، آپ کی خواہش بھی پوری ہو جائے گی لیکن وہ نہیں لائیں گے، وہ کبھی نہیں لائیں گے۔ میں Warn کرتا ہوں آپ کو کہ وہ کبھی بھی نہیں لائیں گے۔ ہمارا اصولی اختلاف ہے آپ سے نام پہ، لیکن آپ کو دھوکہ دیا جا رہا ہے اور تیاری کریں کہ پنجاب کے بعد آپ کا نمبر ہے۔ ہم آپ کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے، ہم آپ کے ساتھ رہیں گے۔ ہم نے وزیر اعظم صاحب سے بھی کہا کہ مرکز میں بھی آپ دیکھیں ہم پہ قاتلانہ حملہ ہوا ہے، ہمارا جمہوری قتل ہوا ہے، یہ فیصلہ نہیں ہے لیکن اس کے باوجود بھی نواز شریف کہتا ہے کہ اگر اس سارے Turmoil کے اندر بھی مرکز کی حکومت

کو Destabilize کرنے کی کوشش کی تو ہم مرکز کے ساتھ ہوں گے۔ خدارا محبت کی زبان کو سمجھیں، خدا کیلئے اس محبت کی زبان کو سمجھیں، یہ ہم کیوں کہہ رہے ہیں؟ ہم اسلئے کہہ رہے ہیں کہ ہمارا مستقبل اس لڑائی میں نہیں ہے، ہمارا مستقبل اس میں نہیں ہے کہ ہم کسی کو طاقت یا کسی ادارے کے ذریعے سے سیاست سے باہر کریں۔ اگر آپ کو پہلے ڈکٹیٹر ضیاء الحق نہیں نکال سکا، اگر مشرف آپ کو نہیں نکال سکا اور پھر آپ سے وہ کام کروایا جائے یا صدر محترم کا کوئی ایسا ایڈوائزر ہے، کوئی ایسی 'ایڈوائس' دے کہ جناب، آپ طاقت کے ذریعے ان کو راستے سے ہٹائیں، آئیں بجائے راستے سے ہٹانے کے، آئیں ایسے راستے پہ چلیں کہ اس ملک کے اندر جمہوری ادارہ مستحکم ہو، اس ملک کے اندر جمہوری استحکام آئے، اس ملک کے اندر سیاسی ادارہ مضبوط ہو اور آپ پانچ سال تک یہاں پہ حکومت کریں۔۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جناب سپیکر! ٹائم زیادہ ہو گیا ہے۔

جناب سپیکر: آپ بیٹھیں، ٹائم بتانا میرا کام ہے۔

سید محمد صابر شاہ: یہاں آپ حکومت کریں، آپ حکومتیں چلائیں، ہم آپ کا ساتھ دیں گے لیکن خدا کیلئے آمریت کیلئے راستے نہ کھولیں اور اگر یہی حالات ہوئے تو میں آپ کو بتا رہا ہوں جناب سپیکر، آپ کی وساطت سے معزز ایوان کو بھی، میں مرکز کو بھی پیغام دینا چاہتا ہوں کہ اگر ہم نے اس روش کو ترک نہ کیا تو وہ دن دور نہیں کہ اس ملک پہ آمریت، ہم آٹھ سال اور دس سال تک لڑائیاں لڑتے رہے ہیں لیکن آنے والی آمریت، کیونکہ عوام کا اعتماد پھر ہم پہ نہیں ہو گا اور جو آمریت آئے گی، اس کے پنجے اتنے مضبوط ہوں گے کہ پھر اس سے نکلنا مشکل ہو گا۔ اسلئے جناب سپیکر، میں گزارش کرتا ہوں کہ یہ فیصلہ ہوا ہے، اس فیصلے کے خلاف گورنر صاحب نے گورنر راج لگایا ہے، اس کے خلاف ہم ایک مذمتی قرارداد، آپ کی اکثریت ہے، آپ چاہیں تو اس قرارداد کو یوں مروڑ سکتے ہیں جیسے آپ نے کوشش کی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اچھی ابتداء کر لیں، ایک اچھے سفر کا آغاز کر لیں، شاید ہم سے غلطیاں ہوئی ہیں، شاید یہ ہاؤس اس کا ذریعہ بن جائے کہ ایک اچھی ابتداء کرے۔ اگر آپ ہمارا ساتھ دیں، ہم قرارداد مذمت بیٹھ کر بنا لیتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک اچھی بنیاد ہو گی۔ میں آپ کا بڑا مشکور ہوں جناب سپیکر، آپ نے مجھے وقت دیا اور بڑی فراخدلی دکھائی آپ نے۔

بیگم شازیہ اورنگزیب خان: قدم بڑھاؤ نواز شریف، ہم تمھارے ساتھ ہیں۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن احتجاج ختم کر کے ایوان میں واپس آ گئے)

انجینئر جاوید اقبال ترکئی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ایک منٹ۔ میں آپ کی اس بات پہ آ رہا ہوں۔ جناب جاوید خان ترکئی صاحب، ممبر اسمبلی نے جس ایس ایچ او کے رویئے کے خلاف واک آؤٹ کیا، اس سلسلے میں میرے معزز اراکین اور وزراء صاحبان ان کو منا کے لے آئے ہیں تو میں ان کی سفارش پہ اس سلسلے میں ان کی تسلی کیلئے جناب وزیر قانون صاحب کی سربراہی میں ایک سپیشل کمیٹی تشکیل دیتا ہوں جس کے ممبران عبدالاکبر خان اور جناب سید مرید کاظم شاہ صاحب ہوں گے۔ یہ کمیٹی جناب ترکئی صاحب کے ساتھ کی گئی زیادتیوں کے بارے میں انکوائری کرے گی اور انکوائری مکمل ہونے تک میں گورنمنٹ کو ہدایت دیتا ہوں کہ وہ متعلقہ ایس ایچ او کو فوری طور پر Suspend کرے۔ (تالیاں) کمیٹی کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ دس دن کے اندر اندر ایوان میں اپنی رپورٹ پیش کرے۔ جناب جاوید عباسی صاحب۔

(شور)

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، میں ایک بات سامنے لانا چاہتا ہوں کہ آپ نے خود فرمایا کہ انکوائری کر کے، کسی کو Suspend کر دینا توہین ہے، ادارے کی بھی توہین ہے، حکومت کی بھی توہین ہے۔ چاہیئے کہ اس کی انکوائری ہو، اگر وہ ملزم ثابت ہوا تو خالی اس کو Suspend نہیں بلکہ Dismiss کرنا چاہیئے، مگر جب انکوائری مکمل نہیں ہوتی۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جو جرگہ گیا تھا، ان کی طرف سے سفارش آئی ہے۔ جی جاوید عباسی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، ہمیں بھی موقع دیا جائے۔

جناب سپیکر: رولنگ جب آ جاتی ہے تو پھر اس پہ بولا نہیں جاتا۔ جی جناب جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: شکریہ، جناب سپیکر۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب محمد جاوید عباسی: مجھے چونکہ فلور ملا ہے، سپیکر صاحب نے دیا ہے۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، مختصر سی بات کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی صاحب، پلیز ان کو مختصر سا بولنے دیں اور بھی لیڈرز صاحبان بیٹھے ہیں، سب کو موقع ملے گا۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں، اکرم خان درانی صاحب کو پہلے ٹائم دیں۔

جناب سپیکر: جی اکرم خان درانی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: بس آپ نے اپنا ٹائم ان کو دے دیا، آپ بیٹھ جائیں۔ جی اکرم خان درانی صاحب۔

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ محترم سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ آج ایوان میں پیر صابر شاہ صاحب نے جس موضوع پہ بات کی، یہ انتہائی اہمیت کی حامل ہے اور ضرور سب چیزوں کو چھوڑ کر اس ایوان کے اندر جو کارروائی ہو، سب سے پہلے اسی موضوع پہ بات ہونی چاہیئے کیونکہ یہاں پر جتنے بھی منتخب لوگ آئے ہیں، وہ ایک جمہوری 'پراسس' سے لے کر، خواہ کسی سیاسی پارٹی کے ساتھ ان کی وابستگی ہو یا کوئی Independent Member ہو، وہ بھی ایک عوامی رائے لے کر یہاں پر منتخب ہوا ہے تو اس صورتحال میں ہمارے جو موجودہ حالات بنے ہیں، پورے ملک کے حالات انتہائی افسوسناک ہیں اور خصوصاً فرنٹیئر کے ایسے حالات ہیں، جو ان کا متحمل نہیں ہو سکتا اور کافی وقت کے بعد سب سیاسی پارٹیوں نے اپنی گریبان میں دیکھ کر، جب ہم منتخب ہوتے ہیں اور ان ایوانوں میں آتے ہیں تو ہم سے عوام کی کیا توقعات ہوتی ہیں اور وہاں پر ہم نے کیا کروانا ہے اس ملک کیلئے، اپنے عوام کیلئے اور میرے خیال میں ساٹھ سال کی تعلیم ان سیاسی پارٹیوں نے حاصل کی آپس میں لڑنے جھگڑنے سے، ایک دوسرے کو ٹانگوں سے کھینچ کر گرانے سے، میرے خیال میں ایک اچھی پیشرفت ہوئی ہے۔ موجودہ حکومت جب مرکز میں بنی، چاروں صوبائی حکومتیں بنیں اور اس انداز سے پرائم منسٹر کا انتخاب ہوا، سندھ میں چیف منسٹر کا انتخاب ہوا، پنجاب کے چیف منسٹر کا انتخاب ہوا، بلوچستان میں اس انداز سے انتخاب ہوا اور پھر ایک عہد کیا گیا کہ جو Main پارٹیاں ہیں، وہ آپس میں مل بیٹھ کر اس ملک اور عوام کیلئے کام کریں گی اور ایک عہد کیا گیا، ابھی جو موجودہ حالات بن گئے ہیں، کوئی بھی اس پر خوشی کا اظہار نہ کرے، یہ کوئی سنجیدگی کا فیصلہ ہے، کوئی ایسا فیصلہ ہے جو اس ملک میں استحکام لائے گا، کوئی ایسا فیصلہ ہے جو جمہوری اداروں کو استحکام بخشے گا، ہم عدلیہ کا احترام کرتے ہیں، ہم عدلیہ کو بڑی عزت اور وقار کی نظر سے دیکھتے ہیں لیکن عدلیہ کا یہ کام نہیں ہے کہ عوام میرے ساتھ ہوں اور وہ مجھے نااہل کرے۔ اگر ایک حلقے سے بھی کسی کا انتخاب ہوتا ہے، خواہ وہ صوبائی ہو، خواہ وہ قومی ہو تو اس کو اس نظر سے نہیں دیکھنا چاہیئے بلکہ وہاں پر لاکھوں، ہزاروں لوگوں کی رائے کا احترام ہونا چاہیئے اور آج جو فیصلہ ہوا ہے، یہ جمہوریت ابھی ایک دیوار ہے، جس طرح اس ہال کے باہر ایک دیوار ہے اور ایک سازش کے تحت اس سے ایک اینٹ نکالی گئی ہے اور

جس دیوار سے آپ ایک اینٹ نکالیں گے تو اس میں سوراخ پڑ جاتا ہے، وہ گھر اس سوراخ سے، اگر آدمی اندر نہیں جاسکتا ہے تو کم از کم اس کی نظر سے بے پردگی ہوتی ہے۔ اس گھر کے اندر پردے کی باتیں بھی ہوتی ہیں اور وہ بھی معیوب سمجھی جاتی ہیں۔ آج حکومت پنجاب کا جو حال ہوا ہے، جمہوریت کی دیوار سے ایک اینٹ نکلنے کے بعد باقی اینٹیں بھی نکلنا شروع ہو جائیں گی اور آج تک ہم نے اس سے سبق نہیں سیکھا کہ سیاسی لوگوں کی، منتخب لوگوں کی کس طریقے سے بے عزتی کی گئی ہے، خواہ اس کیلئے کوئی ادارہ بنادے اور جس انداز سے یہ منتخب لوگ پیش کئے جاتے تھے اور ان کی عزت کے ساتھ جو کچھ ہوتا تھا لیکن ہم نے اس سے کوئی سبق نہیں سیکھا اور آج بھی کچھ قوتیں ہیں جو کہ وہ کبھی بھی نہیں چاہیں گی کہ پاکستان میں بھی جمہوری لوگ مستحکم ہوں، یہ ادارے مضبوط ہوں۔ جب جمہوری ادارے مضبوط ہونگے تو وہ لوگ کمزور ہوتے ہیں اور جب وہ کمزور ہوتے ہیں تو ایک عوامی رائے کے احترام کا وہاں پر الگ سا نقشہ ہوتا ہے۔ ایک ذمہ دار پارٹی کی حیثیت سے مولانا فضل الرحمان صاحب اور اے این پی کے سربراہ اسفندیار ولی خان صاحب نے بھی اپنے ملک کے عوام کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے اور جمہوری پارٹیوں کے سربراہ کے ناطے یہ ذمہ داری محسوس کی اور ہم پہلے بھی ایک کوشش کر چکے ہیں کہ جب آصف زرداری صاحب کی پیپلز پارٹی کا اور مسلم لیگ (ن) کا آپس میں تعلق ٹوٹا تو اس وقت بھی ہم نے وہ کردار ادا کیا تھا کہ ہم آپس میں مل کر کوشش کریں کہ یہ جمہوری قوتیں ایک ہی جگہ پر ہوں لیکن ہماری کوشش تھی، اس میں ہم کامیاب نہیں ہوئے اور آج پھر بھی ایک کوشش ہو رہی ہے۔ کل ایک میٹنگ مولانا فضل الرحمان صاحب، اسفندیار صاحب نے زرداری صاحب سے ملاقات کر کے وہاں پر اس کے سامنے کچھ چیزیں رکھ لی ہیں تو آج اس ایوان کی طرف سے بھی افسوس کا اظہار آیا ہے، ہمارے ملک کے صدر کی طرف سے بھی اور وزیراعظم کی طرف سے بھی لاعلمی کا اظہار کیا گیا ہے کہ یہ عدلیہ کا فیصلہ ہے تو ہم یہاں پر اس ایوان میں متفقہ طور پر افسوس کا اظہار بھی کریں اور ایک مذمتی قرارداد بھی کہ کیوں جمہوریت کا قتل ہو رہا ہے، کیوں ہمارے ادارے کمزور کئے جارہے ہیں؟ اور سب سے نقصان والی بات ہے، میں اس پر کافی بولنا چاہتا تھا لیکن مجھے تکلیف ہے، Chest infection ہے، زیادہ باتیں نہیں کر سکتا، مطلب کی بات پر آؤنگا۔ سب سے اصل جو جمہوری روایت ہے کہ اگر عدلیہ ایک فیصلہ کرے، وہاں پر ایک منتخب وزیراعلیٰ کو ہٹاتی تو وہاں اس فیصلے پر ہماری مرکزی حکومت کو فوری طور پر اس اسمبلی کے ممبران کو اختیار دینا چاہیئے تھا کہ آج فیصلہ ہوا ہے اور کل آپ بیٹھیں اور جو اکثریتی پارٹی ہے، خواہ اس میں مسلم لیگ (ن) کی اکثریت ہو تو وہ اپنا

قائد ایوان چن لیتے،اگر پیپلز پارٹی کے پاس اکثریت ہو تو وہ جمہوری طریقے سے اپنا قائد ایوان چن لیتے اور آج ہم یہ بھی اس اسمبلی کی طرف سے، کیونکہ ہم جمہوری لوگ ہیں، ہم غیر جمہوری فیصلے کی تائید نہیں کر سکتے اور ہم ادھر سے یہ بات ان کو پہنچائیں کہ پنجاب میں فوری طور پر گورنر راج ختم کیا جائے اور وہاں پر پنجاب اسمبلی کو یہ اختیار دیا جائے کہ جس کے پاس اکثریت ہے، وہ آئے اور وہاں پر اپنا قائد ایوان منتخب کرے (تالیاں) ہم مسلم لیگ (ن) سے گزارش کریں گے، ویسے بھی وہاں پر ایک فریق نہیں بلکہ ایک ثالث ممبر کی حیثیت سے ہماری لیڈرشپ ہے دونوں سیاسی پارٹیوں کی، اگر آج بھی یہ فیصلہ ہوتا ہے، اگر مسلم لیگ (ن) کے پاس وہاں اکثریت نہیں ہوتی تو وہ خود تسلیم کریں گے، جمہوری لوگ ہیں کہ ہمارے پاس ابھی اکثریت نہیں ہے اور یہ پورے ملک کا جو مسئلہ ہے، بڑے اچھے انداز سے حل ہو جائے گا تو ابھی کسی نہ کسی کو بات پہنچانی ہے، ہمارے پاس تو اتنے 'پاورز' نہیں ہیں اس حال میں لیکن ایک متفقہ سوچ ہے، ایک تجویز ہے، میں سب کے سامنے رکھ دوں گا، تین باتیں میں نے رکھیں، ایک یہ ہے کہ افسوس کے ساتھ ہم مذمت بھی کر لیں کیونکہ کل یہاں پر عدلیہ ایک دوسری منتخب حکومت کے بارے میں اسی طرح فیصلہ دے سکتی ہے، کل وہاں پر پرائم منسٹر کے خلاف بھی فیصلہ دے سکتی ہے اور دوسرا یہ کہ ہم، یہ اسمبلی ایک جمہوری انداز میں ایک متفقہ قرارداد پاس کرے اور کہے وفاقی گورنمنٹ سے کہ آپ پورے فرنٹئیر، پختونخوا کے عوام کی طرف سے اس قرارداد کو قدر کی نظر سے دیکھیں اور وہاں پر فوری طور پر ایک، دو، تین، چار دنوں میں، ہفتے کے اندر اسی اسمبلی کو آپ اجازت دے دیں کہ وہ وہاں پر اپنا قائد ایوان چن لے تو اس میں دو رائے نہیں ہو سکتیں۔ آپس میں ہم نے اپوزیشن کے چیمبر میں بھی بات کی، اپوزیشن کے سامنے پیر صاحب نے بات رکھی، ہم نے اس سے پہلے بھی اپنا موقف پارٹی کی طرف سے، سب سیاسی پارٹیوں کا، سکندر شیر پاؤ صاحب، آفتاب شیر پاؤ صاحب، مولانا فضل الرحمان صاحب، اسی طرح لودھی صاحب اور اس کی جماعت کا، سب کی Statements آئی ہیں تو آج میں یہ بھی گزارش کرونگا کہ اس صوبے کی روایات ہیں، ہم ان روایات کو دیکھتے ہوئے یہاں پر وہ چیز نہیں اپنائیں گے جو کہ وہاں پر قومی اسمبلی میں بدمزگی ہوئی، منتخب اراکین نے ایک دوسرے کے خلاف نازیباالفاظ استعمال کیے بلکہ یہاں پر ہم آپس میں ایک گھر کی مانند بیٹھ کر اور ہم سب متفقہ طور پر دو تین چیزیں یہاں پر آپ کے سامنے رکھیں اور میرے خیال میں ایک تجویز دینا ہے اپنے بڑوں کو، یہ کوئی ناراضگی والی بات نہیں ہے، وہ میرے بڑے ہیں، وہ اس پر عمل کریں یا نہ کریں لیکن میری جو ایک تجویز ہے، میری ایک سوچ ہے، میں کم

از کم اپنی سوچ کے مطابق ان کو ایک پیغام دینا چاہتا ہوں کہ یہاں پر ہمارے عوام یہ چاہتے ہیں، آپ پلیز مہربانی کرکے اس کا احترام کریں اور ایک ہفتے کے اندر پنجاب کا جو مسئلہ ہے، اس ملک کے نازک حالات کے پیش نظر یہاں پر جو روزانہ ایک غریب آدمی مشکل میں پھنسا ہوا ہے اور یہ ملک 'مڈ ٹرم' الیکشن کا متحمل نہیں ہے، پانچ سال کیلئے اس حکومت کو ہم نے بخوشی تسلیم کیا ہے، ہم اس کا احترام کریں گے، وفاقی حکومت کو پانچ سال عوام نے دیئے ہیں، ہم انشاء اللہ اسی جمہوری فیصلے کی تائید کریں گے لیکن اگر اپنے گھر کو ہم خود خراب کریں گے تو پھر ہم دوسروں سے کیا گلے شکوے کریں گے؟ میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور پورے ایوان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری باتوں کو غور سے سنا اور ایک درخواست بھی کرتا ہوں کہ جو تجویز، اس پر مرضی جو ہے، وہ اکثریت کی ہے، ہم صرف تجویز آپ کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔ شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، اکرم خان درانی صاحب۔ جناب رحیم داد خان صاحب۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر:</u> اودریږه دے پسے جی، هغوی ته مے فلور ورکړو۔

